رہبر معظم سے رویان ریسرچ سینٹر کے بعض محققین اور اہلکاروں کی ملاقات - 28 /Jan/ 2010

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے رویان ریسرچ سینٹر کے بعض محققین اور اہلکاروں سے ملاقات میں مسئلہ کےدقیق انتخاب اور اس کے حل کے لئے ایمان کے سائے میں تلاش و کوشش اور علم و دانش سے استفادہ کو اس رویان علمی مرکز کی کامیابی کی رمز قراردیا۔

اس ملاقات میں رویان ریسرچ سینٹر کے سربراہ ڈاکٹر گورائینے رویان ریسرچ سینٹر میں ہونے والی علمی پیشرفتمنجملہ ملک اور علاقائی سطح پر پہلی بار ٹرانس جینیات حیوانات کی تخلیق پر رپورٹ پیش کیـ

اس سال 19 دی مطابق 9 جنوریکوملکمیں پہلی بار ٹرانس جینیات حیوانات کی تخلیق کا عمل جہاد دانشگاہی ادارے میں انجام پذیرہوا۔